## حصہ ”ب“ (مختصر جواب کے سوالات) نشانات:۳۰

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (۴)

(i) حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے آغاز وحی میں آپ ﷺ کو کن الفاظ میں تسلی دی؟

(ii) برٹش میوزیم میں کیا کیا چیزیں موجود ہیں؟

---

(iii) کن خیالات نے دنیا کی ترقی اور تنزلی پر اثر کیا؟

(iv) نظریہ پاکستان کا مفہوم مختصراً تحریر کیجیے۔

(v) پوریوں کے ٹکڑے چُن چُن کر کھاتے دیکھ کر رویا کا کیا حال ہوا؟

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا مرکزی خیال ۔۔یا۔۔ خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(i) اُمید کی خوشی (ii) سیانا بادشاہ

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ ۔۔۔یا۔۔۔ مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(i) سرِ راہ شہادت (ii) گرمی کی شدت

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو شعری اصطلاحات کی تعریف کیجیے۔

تخلص۔ مطلع۔ تشبیہ۔ قافیہ

۔۔۔یا۔۔۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اصناف ادب کی تعریف کیجیے:

سفرنامہ۔ ناول۔ مرثیہ۔ غزل

۶۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے:

جملہ اسمیہ۔ اسم مصغر۔ مرکب ناقص۔ مبتدا اور خبر

۔۔۔یا۔۔۔ مندرجہ ذیل میں سے سابقے اور لاحقے الگ الگ کیجیے:

بدنصیب۔ داغ دار۔ لاعلاج۔ شکرگزار۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار الفاظ محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

قباحت۔ جم غفیر۔ سبز باغ دکھانا۔ حکمت۔ نام بیچنا۔ خوشنودی

## حصہ ”ج“ (بیانیہ جواب کے سوالات) کل نشانات:۳۰

۷۔ سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں کیجیے:

اوّل مرتبہ بزرگی کا دنیا میں خدا کا ہے۔ جس نے تمھیں پیدا کیا اور اس دنیا کو پیدا کیا جو تمھاری ضروریات سے مالامال ہے اس معبود کی عبادت اور اطاعت بہر حال واجب اور فرض عین ہے۔ دوسرا مرتبہ اُن کا ہے جو دنیا میں ذریعہ ہماری پیدائش اور پرورش کا ہیں جن کی بدولت ہم نیستی سے ہستی میں آئے۔

۔۔۔یا۔۔۔ سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے۔

---

(i) ”کام سے سچا لگاؤ اور اسی میں اُس کی جیت تھی“

(ii) ”رشتہ ایک خدائی پیوند ہے کہ ٹوٹ نہیں سکتا۔“

(iii) دنیا میں ہر معاملے کی دو ہی صورتیں ہیں، فتح یا شکست۔

(iv) ”تم بھی میرے اونٹ پر سوار ہو لو۔“

۸۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں اسے بتائیے کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی ”قومی اتحاد“ میں پوشیدہ ہے۔

۔۔۔یا۔۔۔ کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ لکھیے جس میں پاکستان میں بجلی اور گیس کی قلت کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے توانائی کے بحران کے خاتمے کے لیے چند تجاویز دیجیے۔

۹۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے۔

(i) کانٹوں کو مت نکال چمن سے او باغ باں — یہ بھی گلوں کے ساتھ پلے ہیں بہار میں

(ii) نہ گور سکندر نہ ہے قبر دارا — مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

(iii) دکھائی دیے یوں کہ بے خود کیا — ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے

(iv) آدمی کے پاس سب کچھ ہے مگر — ایک تنہا آدمیت ہی نہیں

۔۔۔یا۔۔۔ نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جُز کی تشریح کیجیے۔

جو کرے گا امتیاز رنگ و خوں مٹ جائے گا
ترکِ خرگاہی ہو یا اعرابیٔ والا گہر
نسل اگر مسلم کی مذہب پر مقدم ہوگئی
اڑ گیا دنیا سے تو مانند خاک رہ گزر

۱۰۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے:

(i) انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات (ii) شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے۔ (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں

۔۔۔۔۔یا۔۔۔۔۔

”سرسید احمد خان“ ۔۔۔یا۔۔۔ ”مرزا اسد اللہ خان غالب“ میں سے کسی ایک شخصیت کے حالات زندگی اور ادبی کارنامے بیان کیجیے۔

www.ilmkidunya.com